# ڈائریکٹر جنرل نیب 24 ستمبر کو کھلی کچہری میں عوامی شکایات سنیں گے

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میں مالی بدعنوانیوں کے خلاف شکایات کے اندراج کیلئے چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق کھلی کچہری کا انعقاد ہر ماہ کی آخری جمعرات کو کیا جاتا ہے۔ جس میں ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان شکایت کنندگان کو بذات خود سنتے ہیں۔ اس ماہ کھلی کچہری کا انعقاد جمعرات 24 ستمبر کو صبح گیارہ تا ایک بجے سہ پہر نیب بلوچستان کے دفتر واقع شاہراہ گلستان روڈ کوئٹہ کینٹ میں

بقیہ نمبر 34 صفحہ 5 پر

کیا جائے گا۔ درخواست کنندگان سے تحریری شکایات میں نام بمعہ ولدیت، کاپی قومی شناختی کارڈ، مکمل پتہ/ایڈریس، نشان انگوٹھا/دستخط، رابطہ نمبر موبائل، گھر مکمل شامل کریں۔ واضح رہے کہ چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق نیب کو تمام زیر التوا شکایات پر کارروائی تیز کردی گئی ہے۔

# حب' خواتین کھلی کچہری کا انعقاد' مختلف محکموں سے متعلق شکایات

## سوئی سدرن گیس کمپنی اور کے الیکٹرک کے نمائندے بھی موجود' شرکاء کا کچہری کے انعقاد پر اظہار اطمینان

حب (نمائندہ انتخاب) چیف سیکرٹری کی ہدایت پر اور خواتین کی فلاح و بہبود، مسائل کے فوری حل اور سرکاری اداروں تک رسائی کو بہتر بنانے کے صوبائی حکومت کے وژن کے تحت گزشتہ روز گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول حب میں خواتین کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری

بقیہ نمبر 10 صفحہ 5 پر

میں ضلع حب کے مختلف محکموں کے سربراہان نے شرکت کی، جبکہ سوئی سدرن گیس کمپنی اور کے الیکٹرک کے نمائندے بھی موجود تھے۔ کھلی کچہری میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور تعلیم، صحت، پانی، بجلی، گیس، صفائی ستھرائی اور دیگر عوامی مسائل سے متعلق اپنے تحفظات اور شکایات پیش کیں۔ شرکاء نے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سے خواتین کو اپنے مسائل براہ راست متعلقہ حکام تک پہنچانے کا مؤثر موقع ملا۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ نے خواتین کو یقین دلایا کہ ان کے تمام جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے اور عوامی خدمت کے اس سلسلے کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 22 SEP 2026 Page No. 12

## بلوچستان میں ڈیجیٹل ہیلتھ نظام کیلئے محکمہ صحت اور اوسلو یونیورسٹی میں معاہدہ

**تحقیق و مقامی اختراعات کے فروغ پر اتفاق، تکنیکی عملے کی استعداد کار بڑھانے کیلئے اقدامات ہونگے**

کوئٹہ (خ ن) محکمہ صحت، حکومتِ بلوچستان اور ناروے کی ممتاز یونیورسٹی آف اوسلو کے HISP سینٹر کے درمیان بلوچستان میں ڈیجیٹل ہیلتھ نظام کو مزید مستحکم بنانے، DHIS2 کے مؤثر نفاذ، مقامی اختراعات، تحقیق اور تکنیکی استعداد کار کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ مفاہمتی یادداشت پر بلوچستان ہیلتھ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (DHIS2/BHMIS) کی جانب سے صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر ابوبکر بلوچ جبکہ یونیورسٹی آف اوسلو کے HISP سینٹر

بقیہ نمبر 8 صفحہ 5 پر

[illegible]

## بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع، غیر ملکی فائدہ اٹھائیں، بلال کاکڑ

**سرمایہ کاروں کو سازگار ماحول اور ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائیگا' کاروباری و معاشی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے آسانی ہمارا مشن ہے**

**حکومت اور نجی شعبے کے درمیان مؤثر رابطہ معاشی ترقی کیلئے اہم' کاروباری برادری کی تجاویز متعلقہ اداروں تک پہنچایا جائینگی' وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں کاروباری و معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے کاروبار میں آسانی ہمارا مشن ہے۔ سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو سازگار ماحول، ضروری سہولیات اور ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ اپنے دفتر میں کاروباری شخصیات کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری سرگرمیوں میں اضافے اور نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کے لئے عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ بلال کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع

بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

سے مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کار بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ سرمایہ کاروں کو مختلف شعبوں میں رہنمائی، سہولت کاری اور ضروری معاونت فراہم کر رہا ہے تاکہ سرمایہ کاری کے عمل کو آسان، شفاف اور مؤثر بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور نجی شعبے کے درمیان مؤثر رابطہ صوبے کی معاشی ترقی کے لئے نہایت اہم ہے جبکہ کاروباری برادری کی تجاویز اور مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر متعلقہ اداروں تک پہنچایا جائے گا۔

## بلوچستان کی ترقی میں حب ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے' کمشنر لسبیلہ

**صنعتی ضلع میں ڈیجیٹل نگرانی کے بنیادی ڈھانچے کو تعینات کرنے کیلئے تکنیکی اقدامات کئے' سائرہ عطا**

حب (نمائندہ انتخاب) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا ہے کہ بلوچستان کی صنعتی ترقی میں ضلع حب ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، کوئٹہ میں رول آؤٹ کے بعد حکومت بلوچستان نے صنعتی ضلع حب میں ڈیجیٹل نگرانی کے بنیادی ڈھانچے کو تعینات کرنے کے لئے تکنیکی اقدامات کئے ہیں۔ سیف سٹی پراجیکٹ کے ہائی ریزولوشن AI مانیٹرنگ کے انضمام اور اسٹریٹ کرائم کو روکنے میں

بقیہ نمبر 24 صفحہ 5 پر

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 22 SEP 2026 Page No. 19

# پولیو کا مکمل خاتمہ قومی ذمہ داری ہے، مجیب الرحمن پانیزئی

## بلوچستان کے 32 ہائی رسک اضلاع میں انسداد پولیو مہم شروع، 23 لاکھ بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف ہے

## دو سال سے پولیو کا کوئی کیس رجسٹر نہیں ہوا، ژوب اور چمن کے ماحولیاتی نمونوں میں وائرس کی موجودگی بڑا چیلنج ہے، سیکرٹری صحت

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمن پانیزئی نے کہا ہے کہ صوبے کے 32 ہائی رسک اضلاع میں سات روزہ انسداد پولیو مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے، جس کے دوران 23 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ بلوچستان میں گزشتہ دو برس سے پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہ ہونا اہم کامیابی ہے، تاہم ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی اب بھی ایک بڑا چیلنج ہے، جس کے خاتمے کے لیے بھرپور اقدامات جاری ہیں۔ اپنے بیان میں سیکرٹری صحت بلوچستان نے کہا کہ صوبے میں پولیو کے خاتمے کے لیے محکمہ صحت کی ٹیمیں مسلسل کام کر رہی ہیں اور مختلف مقامات پر پوائنٹس قائم کر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں گزشتہ دو سال کے دوران پولیو کا کوئی کیس سامنے نہیں آیا، تاہم صرف کیسز کا سامنے نہ آنا کافی نہیں بلکہ ماحولیاتی نمونوں کو بھی مسلسل منفی رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ژوب اور چمن میں دو مرتبہ کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی سامنے آئی ہے۔ ان کے مطابق یہ وائرس افغانستان سے بلوچستان میں آنے کی اطلاعات ہیں، جس کے باعث سرحدی علاقوں میں انسداد پولیو سرگرمیوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ چمن اور ژوب میں ہنگامی اقدامات کیے جا رہے ہیں اور مختلف مقامات پر بچوں کو ویکسین پلانے کے لیے خصوصی پوائنٹس قائم کیے گئے ہیں۔ سیکرٹری صحت نے کہا کہ بلوچستان کو پولیو سے مکمل طور پر پاک قرار دینے کے لیے مسلسل تین سال تک ماحولیاتی نمونے منفی آنا ضروری ہیں۔ اس مقصد کے لیے پولیو کی نگرانی، ویکسینیشن اور ماحولیاتی سیمپلنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے۔ مجیب الرحمن پانیزئی نے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے والدین، اساتذہ، علمائے کرام، میڈیا، قبائلی رہنماؤں اور معاشرے کے تمام طبقات کا تعاون انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں اور پانچ سال تک عمر کے تمام بچوں کو ہر مہم کے دوران پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں تاکہ کوئی بچہ حفاظتی ویکسین سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے [illegible] کی نگرانی میں [illegible] پولیو وائرس کی منتقلی کو روکنے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پولیو مہم کے لیے [illegible] چیف سیکرٹری بلوچستان کی نگرانی میں [illegible] کیا جاتا ہے، جبکہ متعلقہ اداروں کے تعاون سے پولیو ٹیموں کو تحفظ فراہم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ سیکرٹری صحت بلوچستان نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان پولیو کے حوالے سے رابطہ کاری کو بھی اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان اس شعبے میں تعاون جاری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سرحد کے دونوں جانب وائرس کی منتقلی کے امکانات موجود ہونے کے باعث مشترکہ اور مربوط کوششیں ضروری ہیں۔

## والدین، علما پولیو مہم کی کامیابی کیلئے تعاون کریں، ڈپٹی کمشنر

### گوادر میں چار روزہ انسداد پولیو مہم کا آغاز، 35 ہزار 664 بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف

گوادر (آن لائن) [illegible] پولیو [illegible] 21 سے 24 [illegible] 2026 [illegible] ضلع گوادر میں پانچ سال تک کے 35 ہزار 664 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے [illegible] 106 [illegible] 20 [illegible] 38 [illegible] 20 [illegible] 12 [illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 22 SEP 2026

Page No. 20

# اسلام آباد دھرنے میں بلوچستان کا مقدمہ پیش کرینگے، ہدایت الرحمن بلوچ

جماعت اسلامی بلوچستان لانگ مارچ کا مرکزی قافلہ آج ... گوادر سے روانہ ہوگا، قیادت خود کروں گا، صوبائی امیر

بلوچستان کے مسائل ... ضرورت ہے، گفتگو

[illegible]

# حکمران اپوزیشن کی آواز دبانے کیلئے ہتھکنڈوں میں مصروف ہیں، جمعیت نظریاتی

سیاسی انتقام، چادر و چاردیواری کی پامالیوں نے ملک کے قانونی نظام کو مفلوج کر کے رکھ دیا، مولانا عبدالقادر لونی

غیر نمائندہ حکومت کے باعث ملک شدید سیاسی اور معاشی بحرانوں کا شکار ہو چکا، مرکزی امیر جمعیت نظریاتی

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 22 SEP 2026 Page No: 21

# دو صوبوں میں کوئی حکومتی رٹ نہیں

# جمعیت کے بغیر حکومت بنتی ہے نہ چلتی ہے، مولانا فضل الرحمان

پیپلز پارٹی الگ ہوتی ہے تو یہ اقلیت کی حکومت ہو گی، اپوزیشن اس صورتحال میں نہیں تحریک عدم اعتماد لائے، صوبوں کی جنگ آئین کے مطابق لڑیں گے۔

ملک میں مہنگائی بڑھ گئی، کچھ جماعتوں نے احتجاج کا اعلان کیا تو اسلام آباد کنٹینرز سے بھر دیا گیا، سعودی عرب سے معاہدے کو آگے بڑھنا چاہیے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ جے یو آئی کے بغیر حکومت بنتی نہیں اور بنے تو چلتی نہیں، پیپلز پارٹی حکومت سے الگ ہوتی ہے تو پھر یہ اقلیت کی حکومت ہو گی، ابھی اپوزیشن اس صورتحال میں نہیں کہ تحریک عدم اعتماد لائے، صوبوں کی جنگ آئین کے مطابق لڑیں گے، ملک میں مہنگائی بڑھ گئی، عوام کے دکھ کا مداوا نہیں ہو رہا، کچھ جماعتوں نے احتجاج کا اعلان کیا تو اسلام آباد کنٹینرز سے بھر دیا

بقیہ نمبر 64 صفحہ 5 پر

گیا، سعودی عرب سے معاہدے کو آگے بڑھنا چاہیے اور معاہدے میں عمان اور ایران کو شامل ہونا چاہیے تھا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پیپلز پارٹی حکومت سے الگ ہوتی ہے تو پھر یہ اقلیت کی حکومت ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ ابھی اپوزیشن اس صورتحال میں نہیں کہ تحریک عدم اعتماد لائے، ابھی اس حوالے سے کوئی سوچ نہیں نہ تحریک عدم اعتماد پر غور کیا گیا ہے، تحریک عدم اعتماد آتی ہے تو ساتھ دیں گے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پارلیمانی طرز حکومت کو مستحکم نہیں ہونے دیا جا رہا ہے، معیشت اور مہنگائی سے ہم سب کو مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم بار بار کہتے رہے ہیں کہ دو صوبوں میں کوئی حکومتی رٹ نہیں، سندھ میں جائیں تو وہاں بھی اسٹریٹ کرائمز ہیں، بلوچستان جائیں تو وہاں دن دہاڑے بینک لوٹے جاتے ہیں، کوئی نظام نہیں کہ بچوں یا شہریوں کو تحفظ دے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز ہمارے ایک بیٹے کو ایئرپورٹ پر روک دیا گیا، وہ وطن نہیں جا سکے۔

# تربت پریس کلب کی کابینہ ذمہ دار صحافت کو فروغ دیگی، ڈاکٹر عبدالمالک

نیشنل پارٹی آزادی اظہار رائے پر یقین رکھتی ہے، صلاح الدین سلفی کو فون، بلا مقابلہ انتخاب پر مبارکباد

تربت (نمائندہ انتخاب) نیشنل پارٹی کے قائد ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے اسلام آباد سے تربت پریس کلب کے نومنتخب صدر حافظ صلاح الدین سلفی کو فون کرکے تربت پریس کلب کی نومنتخب کابینہ کے عہدیداران کو بلا مقابلہ منتخب ہونے پر مبارکباد دی ہے۔ ڈاکٹر عبدالمالک نے صدر حافظ صلاح الدین سلفی، نائب صدر نور شاہ نور، جنرل سیکرٹری ماجد صمد، جوائنٹ سیکرٹری ایاز اسلم اور

بقیہ نمبر 66 صفحہ 5 پر

فنانس سیکرٹری عقیل ناصر کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ نومنتخب کابینہ کا بلا مقابلہ انتخاب تربت پریس کلب سے وابستہ صحافیوں کی بصیرت، دانشمندی اور باہمی اتحاد کا مظہر ہے۔ انہوں نے صحافی برادری کے درمیان اتحاد و یکجہتی کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے نومنتخب کابینہ کے بلا مقابلہ انتخاب کو سراہا۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی آزادی اظہار رائے اور آزاد صحافت پر یقین رکھتی ہے۔ صحافی معاشرے میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے عوامی مسائل و مشکلات کو اجاگر کرنے کے ساتھ تحقیقاتی اور ذمہ دارانہ صحافت کو بھی فروغ دیں۔ انہوں نے کہا کہ صحافت محض خبروں کی ترسیل کا نام نہیں بلکہ معاشرے کے مسائل کی نشاندہی، عوام کی آواز ایوان اقتدار تک پہنچانے اور حقائق کو سامنے لانے کی ایک اہم ذمہ داری ہے۔ انہوں نے تربت پریس کلب اور صحافی برادری کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تربت پریس کلب ایک اہم صحافتی ادارہ ہے اور نیشنل پارٹی اس کے ساتھ ہر ممکن تعاون اور رابطہ کاری جاری رکھے گی۔ انہوں نے نومنتخب کابینہ کے لئے کامیابی اور صحافتی خدمات میں مزید بہتری کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ تربت پریس کلب کے نومنتخب صدر حافظ صلاح الدین سلفی نے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کا ٹیلیفون کرنے، مبارکباد دینے اور نیک خواہشات کا اظہار کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ صحافی برادری کی حوصلہ افزائی اور آزاد صحافت کے فروغ کے لئے سیاسی و سماجی حلقوں کا تعاون قابل قدر ہے۔ انہوں نے کہا کہ تربت پریس کلب کی نومنتخب کابینہ صحافیوں کے اتحاد و اتفاق کو برقرار رکھتے ہوئے صحافتی اصولوں، ذمہ دارانہ رپورٹنگ اور عوامی مسائل کی موثر ترجمانی کے لیے اہم کردار ادا کرے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 22 SEP 2026 Page No. 22

# زمیندار ایکشن کمیٹی کا مسائل کے حل کیلئے منظم جدوجہد کا اعلان

## غیر ملکی زرعی اجناس کی اسمگلنگ اور زمینداروں کو درپیش مسائل قابل تشویش ہیں' ملک نصیر احمد شاہوانی

### زرعی ٹیکس کیخلاف قانونی چارہ جوئی کیلئے ٹیکنیکل کمیٹی تشکیل' جس میں تمام اضلاع سے نمائندے شامل ہوں گے' اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آئی این پی) زمیندار ایکشن کمیٹی بلوچستان نے حکومت کی جانب سے زمینداروں کے 6 نکاتی چارٹر آف ڈیمانڈ پر پیش رفت نہ ہونے، زرعی اجناس کی غیر قانونی اسمگلنگ، یوریا کھاد کی ترسیل پر پابندی، نام نہاد زرعی ٹیکس اور دیہی علاقوں میں بجلی کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مسائل کے حل کے لئے موثر اور منظم جدوجہد کا اعلان کیا ہے۔اس بات کا فیصلہ پیر کو زمیندار ایکشن کمیٹی بلوچستان کا اجلاس چیئرمین ملک نصیر احمد شاہوانی کی زیر صدارت مرکزی دفتر کوئٹہ میں منعقدہ اجلاس میں کیا گیا جس میں جنرل سیکرٹری حاجی ......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

عبدالرحمان بازئی، حاجی نور احمد بلوچ، سید عبدالقہار آغا، حاجی شیر علی مشوانی، حاجی عزیز سرپرہ، کاظم خان اچکزئی، سید صدیق اللہ آغا، عبداللہ جان میرزئی، عبدالغفار کاکڑ، معراج خان مندوخیل، خالق داد ملکیار، ملک اسد اللہ ہنگوکی، ارباب محمد عمر، فضل الرحمن بلوچ، چیئرمین اسماعیل بلوچ، میر احمد ہنگوکی، محبت خان لونی، عبدالولی، نثار احمد، حاجی عصمت اللہ موسیٰ خیل سمیت مختلف اضلاع کے ایگزیکٹو ممبران نے شرکت کی اجلاس میں حکومت کو پیش کئے گئے 6 نکاتی چارٹر آف ڈیمانڈ اور اس پر حکومتی عدم پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔شرکاء نے غیر ملکی زرعی اجناس کی اسمگلنگ، نت نئے ٹیکسز کے نام پر مبینہ طور پر غیر قانونی وصولیوں، یوریا کھاد کی ترسیل پر پابندی اور زمینداروں کو درپیش دیگر مسائل پر تشویش کا اظہار کیا شرکاء نے مستونگ میں انتظامی افسران کی جانب سے گاڑیاں روک کر مختلف ناموں سے مبینہ وصولیوں پر بھی تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا کہ صوبائی حکومت کس قانون کے تحت یکمشت رقم ٹیکس کے نام پر وصول کر رہی ہے؟۔انہوں نے کہا کہ جہاں حکومت کو زمینداروں کو سہولیات اور وسائل فراہم کرنے چاہئیں، وہاں نئے ٹیکسز عائد کئے جا رہے ہیں اور ڈپٹی کمشنرز و انتظامی افسران کے ذریعے زمینداروں کو مشکلات کا سامنا ہے۔اجلاس میں کہا گیا کہ ایک جانب یوریا کھاد کی ترسیل پر پابندی عائد ہے جبکہ دوسری جانب یہی کھاد 8 ہزار سے 14 ہزار روپے تک میں باآسانی دستیاب ہے۔شرکاء نے سوال اٹھایا کہ اگر کھاد کی غیر قانونی فروخت اور ذخیرہ اندوزی جاری ہے تو اس کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کیوں نہیں کی جا رہی انہوں نے کہا کہ کھاد کے غلط استعمال کی روک تھام کیلئے موثر میکنزم ضرور ہونا چاہئے، تاہم ترسیل پر مکمل پابندی سے صرف زمیندار مشکلات سے دوچار ہوں گے۔زمیندار ایکشن کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ نام نہاد زرعی ٹیکس کے خلاف قانونی چارہ جوئی کے لئے ایک ٹیکنیکل کمیٹی تشکیل دے دی گئی، جس میں بلوچستان کے تمام اضلاع سے ایک ایک نمائندہ شامل ہوگا کمیٹی قانونی ماہرین سے مشاورت کے بعد آئندہ کا لائحہ عمل طے کرے گی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کوئی بھی ضلع اس وقت تک ٹیکس ادا نہیں کرے گا جب تک زمیندار ایکشن کمیٹی مرکزی سطح پر کوئی فیصلہ نہیں کرتی، مقررین نے کہا کہ بلوچستان کی معیشت میں زراعت کا شعبہ ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا' صوبے کی بڑی آبادی براہ راست یا بالواسطہ زراعت اور اس سے وابستہ کاروبار پر انحصار کرتی ہے، تاہم گزشتہ کئی برسوں سے زرعی شعبہ موسمیاتی تبدیلی، قدرتی آفات، پانی کی قلت، مہنگی بجلی، کھاد کی عدم دستیابی اور زرعی اجناس کی کم قیمتوں سمیت متعدد مسائل کا شکار ہے۔ بلوچستان میں مقامی فصلوں، سبزیوں اور پھلوں کی مارکیٹ میں آمد کے دوران ہمسایہ ممالک سے ٹماٹر، سیب، انگور، پیاز اور دیگر زرعی اجناس کی غیر قانونی آمد اور اسمگلنگ فوری طور پر روکی جائے۔تمام چیک پوسٹوں اور داخلی راستوں پر موثر نگرانی یقینی بنائی جائے اور مقامی زمینداروں کی پیداوار کو مارکیٹ میں ترجیح دی جائے، اس سلسلے میں زمیندار اپنی مدد آپ غیر ملکی اجناس کی اسمگلنگ کی روک تھام یقینی بنا رہے ہیں۔شرکا نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں 4 ہزار روپے میں فروخت ہونے والی کھاد کی بوری 8 ہزار سے 14 ہزار روپے تک میں فروخت ہو رہی ہے جبکہ بعض علاقوں میں کھاد دکانوں کے بجائے گھروں سے فروخت کئے جانے کی اطلاعات ہیں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ کھاد کی مصنوعی قلت، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف موثر کارروائی کی جائے۔زمیندار ایکشن کمیٹی نے 2022 سے 2026 تک شدید بارشوں، ژالہ باری، سیلاب اور تیز ہواں سے فصلوں اور باغات کو پہنچنے والے نقصانات کا ازسرنو شفاف سروے کرانے اور متاثرہ زمینداروں کو فوری مالی امداد و معاوضہ فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔ شرکا نے بلوچستان میں پانی کے بڑھتے ہوئے بحران پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ زیر زمین پانی کی سطح مسلسل کم ہو رہی ہے۔حکومت نئے چھوٹے اور بڑے ڈیم تعمیر کرے، موجودہ ڈیموں اور بارشی پانی ذخیرہ کرنے والے منصوبوں کی صفائی و بحالی کرے اور بارش کے پانی کو ضائع ہونے سے بچانے کیلئے موثر منصوبہ بندی کی جائے۔کمیٹی نے کہا کہ موسمی آفات، مہنگی بجلی، کھاد کی قلت، پانی کے بحران اور فصلوں کی کم قیمتوں کے باعث زمیندار پہلے ہی شدید معاشی مشکلات سے دوچار ہیں، ایسے میں اضافی ٹیکسوں کا بوجھ ناقابل قبول ہے۔کمیٹی نے متاثرہ زمینداروں کے لیے فوری ٹیکس ریلیف، زرعی شعبے پر عائد غیر ضروری ٹیکسوں کے خاتمے اور قدرتی آفات سے متاثرہ زمینداروں کیلئے خصوصی ٹیکس ریلیف پیکیج کا مطالبہ کیا۔

# بلوچستان کے بحران کی بڑی وجہ مفادات پر مبنی پالیسیاں ہیں' مولانا عبدالواسع

## حکومت واقعی پائیدار امن، سیاسی استحکام کی خواہاں ہے تو اس کا واحد راستہ عوامی مینڈیٹ کی غیر مشروط بحالی ہے' صوبائی امیر جمعیت

## غلط فیصلوں کا احتساب کرنے کی بجائے سیاسی قیادت کی کردار کشی اور اسے مسائل کا ذمہ دار ٹھہرانا جمہوری اقدار کے منافی ہے

### سیاسی انجینئرنگ، مصنوعی اکثریتوں اور سودے بازی کی سیاست نے صوبے کو مزید بحرانوں میں دھکیل دیا' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ جن نکات پر ایک دہائی قبل سنجیدہ قومی مکالمہ ممکن تھا، آج وہ بھی تشویشناک حد تک پیچیدہ ہو چکے ہیں، جبکہ جن امور پر آج بات کی جا سکتی ہے، اگر یہی روش برقرار رہی تو آئندہ ان پر بھی گفتگو کی گنجائش باقی نہیں رہے گی۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بحران کی بنیادی وجہ مسئلے کے حل کے حوالے سے مسلسل غیر سنجیدگی، سیاسی سرد مہری اور وقتی مفادات پر مبنی پالیسیوں کا تسلسل ہے ہر دور میں صوبے کے مسائل کے دیرپا حل ......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کے لیے قابل عمل تجاویز پیش کی گئیں مگر انہیں دانستہ نظرانداز کیا گیا، جبکہ اصل مسائل کے حل کی بجائے نت نئی تاویلات اور مصنوعی بیانیے تراشے جاتے رہے۔انہوں نے کہا کہ ہائبرڈ نظام کا تجربہ مکمل طور پر ناکام ثابت ہو چکا ہے اور اس ناکام تجربے کی بھاری قیمت عوام اور حکومت دونوں نے ادا کی ہے۔ گزشتہ عام انتخابات اور اس سے قبل ہونے والے انتخابی عمل کو جس انداز میں عوامی مینڈیٹ کا مذاق بنایا گیا، آج بلوچستان میں پیدا ہونے والی بے چینی، سیاسی عدم استحکام اور بداعتمادی اسی کے براہ راست نتائج ہیں۔ اگر حکومت واقعی بلوچستان میں پائیدار امن، سیاسی استحکام اور قومی یکجہتی کی خواہاں ہے تو اس کا واحد راستہ عوامی مینڈیٹ کی غیر مشروط بحالی، شفاف، آزاد اور غیر جانبدار دوبارہ انتخابات کا انعقاد اور عوام کے حق حکمرانی کا مکمل احترام ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنی پالیسیوں اور غلط فیصلوں کا احتساب کرنے کی بجائے سیاسی قیادت کی کردار کشی کرنا اور اسے مسائل کا ذمہ دار ٹھہرانا نہ صرف جمہوری اقدار کے منافی ہے بلکہ یہ ملک کے سیاسی مستقبل کیلئے بھی انتہائی خطرناک رجحان ہے۔ یہی عناصر مختلف ادوار میں منتخب سیاسی قیادت کو متنازع بنانے، پارلیمانی اداروں کو کمزور کرنے اور جمہوری نظام کو غیر موثر ثابت کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 22 SEP 2026 Page No. 23

# پنجگور سیکورٹی فورسز کا ٹارگٹڈ آپریشن فتنہ الہندوستان کے 4 دہشتگرد ہلاک

## خفیہ اطلاع ملنے پر کارروائی پنجگور کے علاقے اپھان کوہ، پروم میں کی گئی، بھاری تعداد میں اسلحہ گولہ بارود قبضے میں لے لیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکورٹی فورسز کا پنجگور اپھان کوہ، پروم ٹارگٹڈ آپریشن فائرنگ کے تبادلے میں فتنہ الہندستان کے چار دہشت گرد ہلاک ہو گئے جبکہ فورسز نے بھاری تعداد میں اسلحہ گولہ بارود قبضے میں لے لیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان کے تحت سیکورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع ملنے پر پنجگور کے علاقے اپھان کوہ، پروم میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی موجودگی کی پر ٹارگٹڈ آپریشن کیا اس دوران فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ سیکورٹی فورسز نے فتنہ الہندستان کے چار دہشت گردوں کو ہلاک کر کے بھاری تعداد میں اسلحہ گولہ بارود قبضے میں لے لیا فورسز کے مطابق آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان کے تحت سیکورٹی کی کارروائی جاری ہے۔

# لاپتہ ڈی سی خاران اور انکے دو محافظوں کا کوئی سراغ نہ مل سکا

## ڈیرہ بگٹی سے اغوا ہونے والے دو کرکٹر بھی بازیاب نہ ہو سکے، منچپائی سے اغوا تین پولیس اہلکاروں کو چھوڑ دیا گیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر خاران اور دو محافظوں سمیت چار لاپتہ افراد کا تاحال کوئی سراغ نہیں لگایا جا سکا ڈیرہ بگٹی سے اغواء ہونے والے دو کرکٹر کھلاڑیوں کو بھی رہا نہیں کیا گیا ہے جبکہ مستونگ منچپائی سے اغواء ہونے والے تین پولیس اہلکاروں کو چھوڑ دیا گیا۔ پولیس کے مطابق ایک دن قبل ڈی سی خاران منیر احمد اپنے ڈرائیور اور دو محافظوں کے ہمراہ کوئٹہ سے نجی گاڑی کے ذریعے خاران جا رہے تھے کہ نوشکی روڈ سے اچانک لاپتہ ہو گئے اور خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ انہیں مسلح شرپسندوں نے مبینہ طور پر اغواء کر لیا ہے تاہم ایک دن گزرنے کے باوجود ان کا کوئی سراغ نہیں لگایا جا سکا حکومت کی جانب سے ان بحفاظت بازیابی کے لئے کوششیں جاری ہیں دوسری جانب ڈیرہ بگٹی کیپال کے علاقے سے اغواء ہونے والے سوئی کے دو ریاستی کرکٹر ذاکر بگٹی اور داون بگٹی کا بھی تاحال رہائی ممکن نہ ہو سکی۔

# نوشکی: سیکورٹی خدشات کے پیش نظر دکانیں بند کرا دی گئیں

نوشکی (نامہ نگار) سیکورٹی خدشات کے پیش نظر فورسز کے اہلکاروں نے دوپہر ایک بجے کے قریب دکانیں مارکیٹیں اور کاروباری مراکز بند کرا دیئے۔ دکانیں بند ہونے کی وجہ سے دیہی علاقوں کے باشندوں اور دکان داروں نے گھروں کا رخ کر لیا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کے مطابق فائرنگ اور تخریب کی وجہ سے سیکورٹی خدشات کے پیش نظر دکانیں بند کرائی گئیں

# چمن: فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 ڈاکو گرفتار، مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

## ژڑہ بند پولیس کی بروقت کارروائی، گرفتار ڈاکوؤں سے ایک پسٹل بھی برآمد، مزید تفتیش جاری

چمن (خ ن) ژڑہ بند پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے کے بعد دو مبینہ ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے شہری سے چھینی گئی موٹر سائیکل اور ایک پسٹل برآمد کر لیا گیا جبکہ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ پولیس کے مطابق ایس پی چمن کی خصوصی ہدایات پر ژڑہ بند پولیس چوکی کے انچارج انسپکٹر محمد حنیفیا کی سربراہی میں پولیس فورس چمن کوئٹہ قومی شاہراہ اور گرد و نواح میں امن و امان کے قیام کے لئے 24 گھنٹے گشت اور سنیپ چیکنگ کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ پولیس کو اطلاع ملی کہ ژڑہ بند کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر ایک شہری سے موٹر سائیکل چھین لی ہے۔

# جھل مگسی، موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

گنداواہ (این این آئی) جھل مگسی کے علاقے جھنگ روڈ پر پولیس تھانہ سٹی جھل مگسی کی حدود میں نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے غلام مصطفیٰ نامی شخص کو شدید زخمی کر دیا، جسے فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال گنداواہ منتقل کیا گیا، جہاں اسے طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔

# منشیات فروشی، موٹر سائیکل چھیننے، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے پانچ افراد گرفتار

## ایک رائفل، ایک میگزین اور 25 راؤنڈ، بغیر لائسنس پسٹل، 50 کلو چرس اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پولیس نے منشیات فروشوں، موٹر سائیکل چھیننے والے، ملزمان اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ، ایمونیشن، بھاری مقدار میں چرس اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لی پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر تھانہ شہید ڈی ایس پی بنیل کاکڑ کے عملے نے عالمو چوک پر چیکنگ کے دوران گاڑی سے ایک رائفل، ایک میگزین اور 25 راؤنڈ برآمد کر کے گاڑی قبضے میں لیکر عبدالجبار کو گرفتار کر لیا۔ اسی طرح ایئرپورٹ پولیس نے نامزد ملزمان سرور خان اور روزی خان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بغیر لائسنس کے پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کر لیا۔

# سریاب روڈ گرین ٹاؤن میں ڈائریکٹر زراعت سمیت دو افراد جاں بحق

## غلام سرور گھر کے باہر دالو مین سے بات کر رہے تھے کہ دو افراد نے حملہ کر دیا، ایک حملہ آور انکی فائرنگ سے ہلاک ہوا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب روڈ گرین ٹاؤن میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ڈائریکٹر زراعت سمیت دو افراد جاں بحق ہو گئے پولیس کے مطابق سریاب روڈ گرین ٹاؤن میں ڈائریکٹر زراعت غلام سرور صبح کی نیج گھر سے باہر دالو مین سے بات کر رہے تھے کہ مسلح افراد نے ان پر حملہ کر دیا، ڈائریکٹر نے اپنی پستول سے فائرنگ کی جس کے نتیجے میں ایک حملہ آور بادل خان جاں بحق ہو گیا حملہ آوروں نے ڈائریکٹر سے پسٹل چھین کر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں ڈائریکٹر زراعت غلام سرور بھی موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاشوں کو تحویل میں لے کر ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کر دی گئی۔ سریاب پولیس نے مقدمہ درج کر کے کیس سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا۔

# شوہر جان سے مارنے کی دھمکیاں دیتا ہے، پولیس تحفظ فراہم کرے، چار بچوں کی ماں کی اپیل

## شوہر اور ساس کی بدسلوکی کا سلسلہ جاری ہے، گولی مارنے کی کوشش کی تاہم میں بچوں سمیت گھر سے نکلنے میں کامیاب ہوئی، شازیہ

اوستہ محمد (نامہ نگار) چار بچوں کی ماں نے شوہر کے مبینہ تشدد، بدسلوکی اور جان سے مارنے کی دھمکیوں سے تنگ آ کر اپنی اور بچوں کی جان کے تحفظ کے لیے پولیس سے مدد کی اپیل کر دی۔ مسماۃ شازیہ اپنے چار کمسن بچوں کے ہمراہ پریس کلب پہنچی اور صحافیوں کو بتایا کہ اس کے شوہر سلمان اور ساس کی جانب سے مبینہ تشدد اور بدسلوکی کا سلسلہ جاری ہے۔ اس کے بقول آج بھی اسے مبینہ طور پر پستول سے گولی مارنے کی کوشش کی گئی، تاہم وہ بچوں سمیت گھر سے نکلنے میں کامیاب ہوئی۔ خاتون کا کہنا تھا کہ شوہر اور ساس اس کے خلاف مبینہ طور پر بے بنیاد الزامات عائد کر کے پولیس میں رپورٹس درج کرا رہے ہیں۔ اس نے دعویٰ کیا کہ گزشتہ دو سال کے دوران شوہر کی جانب سے اسے چار مرتبہ طلاق دی جا چکی ہے۔ خاتون نے شوہر پر بعض دیگر سنگین الزامات بھی عائد کیے اور پولیس حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے اسے اور اس کے بچوں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

# مستونگ، مسلح افراد نجی بینک میں لوٹ مار، سی سی ٹی وی کیمروں کو ناکارہ بنا کر فرار ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ میں مسلح افراد دن دیہاڑے نجی بینک سے لاکھوں روپے لوٹ کر اور سی سی ٹی وی کیمروں کو فائرنگ کر کے ناکارہ بنا کر فرار ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ روز درجنوں مسلح افراد اسلحہ کے زور پر نجی بینک میں داخل ہوئے کئے اور وہاں پر موجود لوگوں کی موجودگی میں انہیں یرغمال بنا کر بینک سے لاکھوں روپے کی نقدی لوٹ کر جاتے ہوئے بازار میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کو فائرنگ سے ناکارہ بنا کر فرار ہو گئے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 22 SEP 2026 Page No. 25

## بھاگ شہر میں بنیادی سہولیات کا فقدان، حکام بالا سے نوٹس لینے کا مطالبہ

بھاگ (نامہ نگار) بھاگ شہر میں مسائل کے انبار، بنیادی سہولیات کا فقدان، خستہ حال سڑکیں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر سے مکین پریشان، متعلقہ حکام صورتحال پر خاموش۔ تفصیلات کے مطابق بھاگ بازار کے مکین اس دور جدید میں بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں علاقے میں صفائی کی صورتحال ناگفتہ بہ ہے جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں جس سے شدید تعفن پھیل رہا ہے اور امراض پھیلنے کا بھی خطرہ ہے علاقے میں نکاسی آب کا نظام بھی درہم برہم ہے نالیوں میں پانی جمع ہوجانے کی وجہ سے گندا پانی سڑک بازار میں بہتا رہتا ہے دوسری جانب بازار میں اسٹریٹ لائٹس کا بھی فقدان ہے جس کی وجہ سے گلی کے بند ہوتے ہی اندھیرا چھا جاتا ہے بھاگ بازار میں سڑکیں بھی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں شہریوں نے شکایت کی بار بار آگاہی کے باوجود متعلقہ حکام کے عدم توجہی کے باعث علاقہ کھنڈرات کا منظر پیش کررہا ہے بھاگ کی تاجر برادری نے مطالبہ کیا ہے کہ فی الفور بھاگ بازار میں اسٹریٹ لائٹس ودیگر مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے جائیں۔

QUDRAT QUETTA

## صحبت پور شہر میں نکاسی آب کا نظام درہم برہم، میونسپل کمیٹی عملہ غائب

### جا بجا کچرے کے ڈھیر، گندا پانی سڑکوں پر بہنے سے عوام کو آمدورفت میں مشکلات

صحبت پور (یو این اے) صحبت شہر گندگی کے حوالے۔ نکاسی آب کا نظام ناکارہ بنا دیا گیا ہے گٹر کا پانی گھروں اور گلیوں میں جمع۔ میونسپل کمیٹی صفائی ستھرائی سے بے خبر نیند۔ ایڈمنسٹریٹر بھی جائے تعیناتی سے غائب صحبت پور کے سیاسی وسماجی حلقوں نے دہائی اور

بقیہ 24 صفحہ 5 پر

اپنی نمائندہ قیادت کا انتخاب ایک حوصلہ افزا پیش رفت ہے۔ وکلا معاشرے کا ایک باشعور طبقہ ہیں جو آئین، قانون، انصاف اور شہری حقوق کے تحفظ کے لیے اہم کردار ادا کرتے ہیں اس لیے نوجوان وکلا کی منظم اور متحرک قیادت مستقبل میں بھی مثبت اثرات مرتب کرسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عاشر مندوخیل، اسرار بنگ اور نومنتخب کابینہ کو ایک نئے اعتماد کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں سنبھالنی ہیں

MEEZAN QUETTA

## محکمہ تعلیم کا انتظامی بحران شدید تر ہو چکا ہے

### ملازمین میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے، سینئر ایجوکیشنل سٹاف ایسوسی ایشن

کوئٹہ (اے این این) سینئر ایجوکیشنل سٹاف ایسوسی ایشن (سیسا) کے ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ محکمہ تعلیم کا انتظامی بحران شدید تر ہو چکا ہے اور ملازمین میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔۔ محکمہ سکول ایجوکیشن بلوچستان میں اختیار کی مرکزیت سے ادارہ جاتی تباہی کی راہ ہموار ہو رہی ہے۔۔ پورے محکمے کے ہزاروں ملازمین کے تمام تر اختیارات چند ہاتھوں میں مرتکز ہونے سے مسائل بڑھ رہے ہیں۔۔ پی ایس ڈی پی، پوسٹوں کی فنڈنگ، ایس این ای، کتابوں کی ایلانڈ، ٹرانسفر پوسٹنگ سے معمولی انتظامی معاملات تک سب سیکرٹریٹ کی منظوری کے محتاج ہیں۔۔ سینئر ایجوکیشنل سٹاف ایسوسی ایشن ضلع کوئٹہ کے پریس ریلیز میں تحریر کیا گیا ہے کہ بلوچستان کا محکمہ تعلیم اس وقت ایک سنگین انتظامی بحران سے دوچار ہے۔ بنیادی سوال یہ ہے کہ جب دنیا بھر میں موثر گورننس کے لیے اختیارات نچلی سطح تک منتقل کیے جاتے ہیں تاکہ ملازمین، افسران اور عوام کے مسائل ان کے قریب حل ہوں، تو بلوچستان میں اس کے برعکس اختیارات مسلسل مرکز میں کیوں سمیٹے جا رہے ہیں؟ ان خیالات کا اظہار محکمہ تعلیم کے آفیسران نے کسی اخبار سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج صورتحال یہ ہے کہ P S D PS N E، پوسٹوں کی فنڈنگ، کتابوں کی ایلانڈ، ٹرانسفر پوسٹنگ حتیٰ کہ معمولی انتظامی معاملات بھی سیکرٹریٹ کی منظوری کے محتاج ہیں۔ نتیجتاً ڈائریکٹوریٹ، ڈویژنل ڈائریکٹوریٹس اور ضلعی تعلیمی افسران عملی طور پر اپنے اختیارات سے محروم ہوتے جا رہے ہیں۔ ماضی میں زمینی حقائق، اسکولوں، ہیڈ ٹیچرز اور ضلعی افسران کی ضروریات کی بنیاد پر منصوبہ بندی ڈائریکٹوریٹ سے ہوتی اور سیکرٹریٹ اسے پالیسی کی شکل دیتا تھا۔ آج یہ شکایات ہیں کہ پلاننگ بھی مرکز میں، پالیسی بھی مرکز میں اور عملدرآمد بھی مرکز سے ہو رہا ہے، جبکہ زمینی سطح کے متعلقہ افسران اور ادارے فیصلہ سازی میں موثر طور پر شامل نہیں۔

## دیہی علاقوں میں بنیادی سہولیات کی کمی کے باعث عوام کو مشکلات کا سامنا

### مقامی عمائدین اپنی مدد آپ کے تحت محروم عوام کو سہولیات فراہم کرنے کی کوششیں کررہے ہیں

ڈیرہ اللہ یار (اے این این) بلوچستان کے دیہی علاقوں میں بنیادی سہولیات کی کمی کے باعث عوام کو مشکلات کا سامنا ہے، تاہم مقامی عمائدین اپنی مدد آپ کے تحت محروم عوام کو سہولیات فراہم کرنے کی کوششیں کررہے ہیں۔ تحصیل گنداواہ کے گاؤں محمد اسماعیل خان کھوسہ میں ایل پی آر ایل کے زیر اہتمام مفت طبی کیمپ لگایا گیا، جہاں غریب اور مستحق افراد کی آنکھوں کا مفت معائنہ اور علاج کیا گیا، جبکہ مزید علاج کے لیے ضرورت مند مریضوں کو کمپنی ہسپتال لے جانے کا انتظام بھی کیا گیا۔ اس موقع پر شہریوں نے مفت طبی کیمپ کو غریب عوام کے لیے امید کی کرن قرار دیتے ہوئے کہا کہ دور دراز علاقوں میں ایسے اقدامات انتہائی اہم ہیں۔ منتظمین کے مطابق ضلع صحبت پور کے عوام کو صحت کی سہولیات فراہم کرنا ان کی ترجیح ہے، جبکہ علاقے میں تعلیم کے فروغ کے لیے بی سی ایف اسکول کے قیام کی کوششیں بھی جاری ہیں۔ مقامی عمائدین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ عوام کی مشکلات کم ہوسکیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 22 SEP 2026 Page No. 26


# دہشت گردی کے خلاف جنگ۔۔۔ریاستی عزم کے ساتھ جامع حکمتِ عملی کی ضرورت

بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے حالیہ واقعات ایک مرتبہ پھر یاد دلاتے ہیں کہ پاکستان کو درپیش سیکیورٹی چیلنج محض کسی ایک صوبے، علاقے یا شاہراہ تک محدود نہیں بلکہ اس کا مقابلہ مسلسل، مربوط اور ہمہ جہت حکمتِ عملی سے کرنا ہوگا۔ قلات کے قریب قومی شاہراہ این-25 پر سیکیورٹی فورسز کی کارروائی اور ضلع ہنگو میں ہونے والا شدید مقابلہ اسی جدوجہد کی تازہ مثالیں ہیں۔ ان واقعات میں جہاں دہشت گردی کی کوششیں ناکام بنائی گئیں، وہیں دو افسروں سمیت چھ اہلکاروں کی جانوں کا ضیاع اس خطرے کی سنگینی کو بھی ظاہر کرتا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 18 اور 19 ستمبر کی درمیانی شب قلات کے قریب چمن کراچی قومی شاہراہ این-25 پر مسلح افراد نے شہریوں کی آزادانہ آمدورفت میں خلل ڈالنے اور اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے کے لیے ناکہ قائم کیا۔ سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں پانچ دہشت گرد ہلاک ہوئے جبکہ 23 مغوی افراد کو بحفاظت بازیاب کرایا گیا۔ حکام کے مطابق کارروائی کے بعد چھ ٹرک، تین بسیں، دو گاڑیاں اور اسلحہ و دھماکا خیز مواد بھی برآمد کیا گیا۔ اس واقعے کی اہمیت صرف پانچ دہشت گردوں کی ہلاکت یا مغویوں کی بازیابی تک محدود نہیں۔ این-25 بلوچستان کی اہم ترین شاہراہوں میں سے ایک ہے جو صوبے کے مختلف حصوں کو ملک کے دیگر تجارتی مراکز سے جوڑتی ہے۔ ایسی شاہراہوں پر خوف پیدا کرنا دراصل شہری زندگی، تجارت، روزگار اور بین الصوبائی آمدورفت کو متاثر کرنے کی کوشش ہے۔ اس لیے قومی شاہراہوں کا تحفظ محض سیکیورٹی معاملہ نہیں بلکہ بلوچستان کی معاشی سرگرمی اور عام شہریوں کے اعتماد سے بھی براہِ راست متعلق ہے۔ اسی دوران خاران میں ایک مسافر گاڑی کو دیسی ساختہ بم سے نشانہ بنانے کا واقعہ بھی سامنے آیا۔ زخمی مزدوروں کی تعداد کے بارے میں رپورٹس میں معمولی اختلاف ہے: ریڈیو پاکستان نے کم از کم نو مزدور زخمی ہونے کی اطلاع دی جبکہ بعض دیگر ذرائع نے تعداد دس بتائی۔ یہ واقعہ خصوصاً تشویش ناک ہے کیونکہ مزدور اور عام مسافر کسی بھی سیاسی یا مسلح تنازعے میں فریق نہیں ہوتے۔ شہریوں، محنت کشوں اور مسافر گاڑیوں کو نشانہ بنانا معاشرے میں خوف پیدا کرنے کے ساتھ مقامی معیشت اور روزگار کو بھی نقصان پہنچاتا ہے۔ دوسری طرف خیبر پختونخوا کے ضلع ہنگو میں سیکیورٹی فورسز کے قافلے پر حملے کے بعد ہونے والے مقابلے میں آٹھ مسلح افراد ہلاک ہوئے۔ آئی ایس پی آر نے انہیں ''فتنہ الخوارج'' سے وابستہ اور بھارتی سرپرستی میں سرگرم قرار دیا ہے۔ اسی کارروائی میں کیپٹن ابوذر فاروق، لیفٹیننٹ شیراز بابر اور چار دیگر اہلکار جان سے گئے۔ سرکاری تفصیلات کے مطابق کیپٹن ابوذر فاروق کی عمر 23 جبکہ لیفٹیننٹ شیراز بابر کی عمر 22 سال تھی۔ ان نوجوان افسروں اور اہلکاروں کی قربانی اس حقیقت کو نمایاں کرتی ہے کہ انسداد دہشت گردی کی جنگ کی سب سے بھاری قیمت وہ خاندان ادا کرتے ہیں جن کے افراد اپنی جانیں خطرے میں ڈال کر ملک اور شہریوں کے تحفظ کی ذمہ داری نبھاتے ہیں۔ صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے ہنگو کارروائی کے بعد سیکیورٹی اہلکاروں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے قلات میں 23 مغویوں کی بازیابی اور پانچ دہشت گردوں کی ہلاکت پر بھی فورسز کی بروقت کارروائی کو سراہا اور کہا کہ ''عزم استحکام'' کے تحت انسداد دہشت گردی کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ تاہم دہشت گردی کا مقابلہ صرف کامیاب فوجی کارروائیوں سے مکمل نہیں ہوتا۔ فوری خطرے کو ختم کرنے کے لیے سیکیورٹی آپریشن ناگزیر ہو سکتے ہیں، لیکن دیرپا امن کے لیے انٹیلی جنس تعاون، پولیس اور سول قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد، سرحدی نگرانی، دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام اور مقامی آبادی کے اعتماد کو یکساں اہمیت دینا ہوگی۔ خصوصاً بلوچستان میں بڑی شاہراہوں اور دور افتادہ علاقوں میں پولیس، لیویز اور دیگر اداروں کی صلاحیت میں اضافہ ضروری ہے تاکہ معمول کی سیکیورٹی صرف فوجی کارروائیوں پر منحصر نہ رہے۔ اس کے ساتھ ریاست کے لیے ضروری ہے کہ ہر حملے کی آزادانہ اور مؤثر تحقیقات ہوں، سہولت کاروں اور مالی معاونت کے نیٹ ورک تک پہنچا جائے اور گرفتار ملزمان کے خلاف قانون کے مطابق شفاف عدالتی کارروائی کی جائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 8

Dated: 22 SEP 2026 Page No. 27

# Water crisis

The growing water crisis in Quetta has reached a critical threshold, laying bare the profound gap between the city's expanding needs and the municipal infrastructure meant to sustain it. A recent high-level review chaired by Commissioner Quetta Division Zeeshan Lashari painted a stark picture of the Water and Sanitation Authority's (WASA) operational and financial paralysis. While the provincial capital demands roughly 60 million gallons of water daily to sustain its population, WASA manages to deliver a mere 31 million gallons. This massive deficit leaves nearly half the city dependent on alternative sources, transforming access to a basic human right into an everyday battle for survival.

At the core of this supply failure lies severe infrastructure neglect, fueled by chronic underfunding. Of the 544 public tube wells scattered across the Chiltan and Zarghoon zones, nearly a third 167 units sit entirely idle simply because the agency lacks the money for routine maintenance and repairs. Instead of serving as a robust public utility, WASA finds itself bogged down by a severe budget deficit. With annual expenditures exceeding Rs 4.064 billion against a budget allocation of Rs 3.705 billion, the authority struggles to cover basic liabilities like electricity bills, maintenance, and employee salaries. Meanwhile, revenue generation remains drastically inadequate; 97,000 registered domestic and commercial consumers yield only around Rs 240 million annually, leaving the agency trapped in a perpetual cycle of fiscal insolvency.

This institutional shortfall has triggered an unchecked surge in unregulated private extraction. Today, Quetta is pierced by nearly 1,400 commercial and 998 agricultural tube wells, the vast majority of which operate without registration or oversight. Unregulated commercial entities routinely step in to profit from the public utility's deficit, accelerating the depletion of the valley's precious underground aquifers while exposing residents to exorbitant costs. The impact of this mismanagement is felt acutely in neighborhoods like Sariab, where the closure of the Dasht Well Field has completely cut off supply, throwing entire communities into distress.

Administrative directives to optimize resources and fix non-functional tube wells are a step in the right direction, but superficial fixes will not solve a structural breakdown. Resolving Quetta's water emergency requires decisive political will to overhaul WASA's financial model, clamp down on illegal groundwater exploitation, and immediately inject funds to restore dead infrastructure.

Without urgent, systemic reform, the capital will remain tethered to an unsustainable private tanker economy, leaving its citizens to pay the price for bureaucratic inertia.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan News Quetta

Bullet No. 6 Dated: 22 SEP 2026 Page No. 28

# نئے صوبوں کا قیام: وقت کی ضرورت یا سیاسی ضرورت؟*

تحریر: حمزہ بلوچ

پاکستان میں نئے صوبوں کی تشکیل کا معاشی و انتظامی پہلو طویل عرصے سے زیر بحث رہا ہے، لیکن بدقسمتی سے اس اہم ترین قومی معاملے کو ہمیشہ انتظامی اصلاحات کے بجائے سیاسی تسلسل یا دباؤ کو متوجہ کرنے کے آلے کے طور پر دیکھا گیا۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم جذباتی اور سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر پاکستان کی موجودہ جغرافیائی و انتظامی حدود کا ازسرنو جائزہ لیں تاکہ طرزِ حکومت کو عوام کے لیے آسان، شفاف اور مؤثر بنایا جا سکے۔ اگر ہم بلوچستان کی تاریخی مثال لیں تو بلوچستان کا موجودہ انتظامی نقشہ اور تاریخ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ محض ایک بڑا جغرافیائی رقبہ کسی خطے کی ترقی کی ضمانت نہیں بن سکتا۔ 1970 میں ون یونٹ کے خاتمے کے بعد بلوچستان کو باقاعدہ ایک مکمل صوبے کا درجہ ملا۔ یہ پاکستان کا رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ ہے جو ملک کے کل جغرافیائی رقبے کا تقریباً 44 فیصد (3,47,190 مربع کلومیٹر) بنتا ہے، لیکن اس کی آبادی ملک کی کل آبادی کا بمشکل 6 سے 7 فیصد ہے (2023) کی مردم شماری کے مطابق بلوچستان کی آبادی تقریباً 1.48 کروڑ ہے۔ وسعت اور فاصلوں کا عالم یہ ہے کہ کوئٹہ میں بیٹھا ہوا وزیراعلیٰ یا چیف سیکرٹری گوادر جو 700 کلومیٹر دور ہے یا ژوب کے دوردراز اضلاع کے مسائل کو اس طرح محسوس نہیں کر سکتا جیسے کرنے کا حق ہے۔ انتظامی فاصلے، مواصلاتی دشواریاں اور وسائل کی غیر مساوی تقسیم اس بات کی گواہی دیتی ہے کہ رقبے کے اعتبار سے اتنے بڑے صوبے کو ایک ہی مرکز سے چلانا نہ صرف مشکل ہے بلکہ عوام کی محرومی کا بنیادی سبب بھی ہے۔ اگر بلوچستان کو مختلف انتظامی صوبوں یا زونز (مثلاً جنوبی بلوچستان، شمالی بلوچستان یا مکران ریجن) میں تقسیم کر کے مقامی بااختیار حکومتیں قائم کی جائیں تو نہ صرف گورننس کا معیار بہتر ہوگا بلکہ دیرینہ پسماندگی کا خاتمہ بھی ممکن ہو سکے گا۔ یہی صورتحال ملک کے دیگر صوبوں میں بھی دکھائی دیتی ہے۔ صوبہ پنجاب، جہاں کی آبادی 2023 کی مردم شماری کے مطابق 12.7 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے، ملک کی کل آبادی کا نصف سے زیادہ حصہ سموئے ہوئے ہے۔ لاہور میں بیٹھا انتظامی ڈھانچہ راجن پور، رحیم یار خان یا میانوالی کے دیہی علاقوں کے مسائل حل کرنے سے قاصر ہے۔ جنوبی پنجاب کی محرومیاں اب کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں، جہاں کے عوام بنیادی صحت، تعلیم اور روزگار کے لیے سوئزر لینڈ جیسے لاہور کا رخ کرنے پر مجبور ہیں۔ اسی طرح سندھ کی صورتحال بھی مختلف نہیں ہے، جہاں کراچی جیسے 2 کروڑ سے زائد آبادی والے عالمی میٹروپولیٹن شہر کو محض ایک صوبائی دارالحکومت کی طرز پر چلایا جا رہا ہے، جس کی وجہ سے انفراسٹرکچر، صفائی، پانی اور قانون و انصاف کی صورتحال ابتر ہو چکی ہے۔ اندرونِ سندھ اور کراچی کی معاشی و ثقافتی ساخت مختلف ہے، جس کی بنیاد پر انتظامی صوبوں کا قیام ناگزیر نظر آتا ہے۔ خیبر پختونخوا میں فاٹا کے ضم ہونے کے بعد رقبہ اور مسائل دونوں بڑھے ہیں، اور ہزارہ ڈویژن کی جانب سے علیحدہ صوبے کا مطالبہ ایک طویل عرصے سے سڑکوں پر موجود ہے۔ نئے صوبے بنانے کے فوائد اور حقائق درج ذیل اہم نکات سے سمجھے جا سکتے ہیں۔

عوامی رسائی اور آسان گورننس: نئے اور چھوٹے صوبوں کے قیام سے انتظامی دارالحکومت عوام کی پہنچ میں آ جاتے ہیں، جس سے نوکر شاہی (Bureaucracy) کے رویوں میں بہتری آتی ہے اور عوامی مسائل موقع پر حل ہوتے ہیں۔ وسائل کی مساوی تقسیم: جب بجٹ کو چھوٹے صوبوں کی بنیاد پر تقسیم کیا جائے گا تو ترقیاتی فنڈز محض چند بڑے شہروں تک محدود رہنے کے بجائے پسماندہ اضلاع تک بلاتفریق پہنچیں گے۔ مقامی قیادت اور روزگار: چھوٹے انتظامی یونٹس سے مقامی سطح پر نئی سیاسی قیادت ابھرتی ہے اور صوبائی وزارتوں، سیکرٹریٹس اور محکموں کے قیام سے مقامی نوجوانوں کے لیے روزگار کے ہزاروں نئے مواقع پیدا ہوتے ہیں۔ قانون و انصاف کی فراہمی: پولیسنگ اور عدالتی نظام کا چھوٹا ہونا جرائم پر کنٹرول کو آسان بناتا ہے، جس سے امن و امان کی صورتحال میں واضح بہتری آتی ہے۔ عالمی حقائق پر نظر ڈالی جائے تو پاکستان دنیا کا واحد اتنا بڑا ملک ہے جہاں صرف 4 مرکزی صوبے ہیں۔ ترکیہ کی آبادی 8.5 کروڑ ہے اور وہاں 81 صوبے ہیں؛ ایران کی آبادی 8.8 کروڑ ہے اور وہاں 31 استان (صوبے) ہیں؛ جبکہ بھارت میں 28 ریاستیں اور 8 یونین ٹیریٹریز موجود ہیں۔ پاکستان کو اگر ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے تو تعصب اور لسانی تحفظات کو بالائے طاق رکھ کر محض انتظامی بنیادوں پر 10 سے 12 نئے صوبے بنانے کا قومی فیصلہ کرنا ہوگا۔ یہی اقدام ہمارے پسماندہ عوام کی محرومیاں دور کرنے اور وفاق کو مضبوط بنانے کا واحد پائیدار طریقہ ہے